© rasailojaraid.com



ہے وہ مقاصد ہرگز حل نہیں ہوں گے۔ جن کی توقعات اسلامی نظام سے وابستہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پورے نظام سے لاعلمی کی بنا پر کبھی رجم کا انکار ہو رہا ہے کبھی کوڑوں کو فرسودہ اور غیر مہذب قرار دے کر اسلامی احکامات کا تمسخر اڑایا جا رہا ہے۔

**اسلامی قانون کا تدریجی ارتقاء** | جیسا کہ قبل ازیں عرض کیا گیا ہے کہ قانون کے مقاصد سے اہم ترین مقصد اصلاح معاشرہ ہے جس میں عدل وانصاف کا بول بالا ہو۔ معاشرہ سے تعلق رکھنے والا ہر شخص امن و سکون سے زندگی بسر کرتا ہو۔ اس اہم مقصد کی تکمیل کے لئے شریعت اسلامی میں یہ پروگرام فرد سے شروع ہوتا ہے کیونکہ معاشرہ افراد ہی سے بنتا ہے۔ لہٰذا افراد کی اصلاح کے بعد معاشرہ میں ذہنی انقلاب لایا جا سکتا ہے۔ افراد کی اصلاح کے بغیر اگر کسی انقلاب میں بظاہر مزور طاقت کامیاب ہی کیوں نہ ہو۔ لیکن وہ کامیابی دیرپا نہیں ہو سکتی۔ بلکہ انفرادی قوت اور عوامی تائید کے بغیر انقلاب لانا تنزل کی طرف ایک قدم ہے جس کی ابتدا اور انتہا دونوں قریب قریب ہوتی ہیں۔

اسلام کے ایک عالمگیر قانون اور ہمہ گیر مذہب ہونے کی وجہ سے یہ اصلاحی پروگرام اور تطہیر معاشرہ یا اصلاح معاشرہ فرد ہی سے شروع ہوتا ہے۔ فرد کی اصلاح کے لئے دائرۂ اسلام میں داخل ہونے کے بعد جن امور پر زور دیا جاتا ہے ان میں تین اہم امور مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نماز ۔ ۲۔ روزہ ۔ ۳۔ زکوٰۃ

ان تینوں کو مفسرین کی اصطلاح میں "امور مصلحہ للنفس" کہا جاتا ہے جن سے تہذیب الاخلاق میں ترقی کرنے کے بعد تدبیر منزل اور سیاست مدن کے لئے راہ ہموار ہوتی ہے۔

**نماز کا معاشرہ پر اثر** | ارشاد ربانی ہے:۔

وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ إِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ۔ الآیۃ۔ اور نماز قائم رکھئے۔ بیشک نماز بے حیائی اور ناشائستہ کاموں سے روکتی ہے۔

مندرجہ بالا ترتیب میں اصلاح معاشرہ کے لئے قرآن حکیم نے ایک جامع نسخہ تجویز کیا جو اقامت الصلوٰۃ ہے۔ اور دوسرے اعمال و فرائض سے ممتاز کرنے کے لئے اس کی حکمت بھی بیان کر دی گئی۔ کہ نماز اہم عبادت اور عمود دین ہونے کے علاوہ اس کا اہم فائدہ یہ بھی ہے کہ جو شخص باقاعدگی سے نماز کا اہتمام کرے تو یہ نماز اس کو فحشاء اور منکر سے روکتی ہے۔ معاشرہ کی خرابی کے اسباب، امن وانصاف اور اتفاق کا زہر قاتل فحشاء اور منکر ہی ہے۔ کرۂ ارض پر جتنے جھگڑے اور فسادات رونما ہوتے ہیں یہ تمام کے تمام فحشاء اور منکر ہی کے مرہون منت ہیں۔

© rasailojaraid.com